महाराष्ट्र शासन
शालेय शिक्षण व क्रीडा विभाग
राज्य शैक्षणिक संशोधन व प्रशिक्षण परिषद, महाराष्ट्र
७०८ सदाशिव पेठ, कुमठेकर मार्ग, पुणे ४११०३०
संपर्क क्रमांक (०२०) २४४७ ६९३८ E-mail: evaluationdept@maa.ac.in

# Question Bank

Standard : 12th — جماعت : بارہویں

Medium : Urdu — میڈیم : اردو

Subjec : SP — مضمون : SP

# March 2021

**ہدایت :**

۱۔یہ سوالات کابینک صرف طلبہ کے لیے مثالی سوالیہ پرچے حل کرنے کی مشق کے لیے ہی دیے جارہے ہیں۔

۲۔اس بات کو ذہن نشین رکھیں کہ بورڈ امتحانات کے سوالیہ پرچوں میں یہی سوالات نہیں آئیں گے۔

Std: 12 Commerce　　Subject: Secretarial Practice (S.P)(52)　　Medium: Urdu

# سوالات کے نمونے کا پرچہ

# (Questions Bank)

**سوال نمبر ۱:**

**(الف) مناسب متبادل کی مدد سے جملے دوبارہ لکھیے۔** (5x1=5)

۱) کمپنی کے کل سرمائے کا چھوٹا اور مساوی حصہ ------ ہوتا ہے

(الف) قرض نامہ　　(ب) بانڈس　　(ج) حصص

۲) تمام ------ کا مجموعہ رواں سرمائے (Working Capital) کا مجموعہ ہوتا ہے۔

(الف) اخراجات　　(ب) جاری اثاثہ　　(ج) جاری ذمہ داری

۳) قرض خواہ کمپنی کے ------ ہوتے ہیں۔

(الف) قرض خواہ　　(ب) مالک　　(ج) خیر خواہ

۴) ------ مستقل ملازمین، ہدایت کار، اور کمپنی کے افسران کو پیش کیا جاتا ہے۔

(الف) بونس حصص　　(ب) جاری کا حق　　(ج) ESOS

۵) ------ حصص کی ملکیت کا ثبوت ہوتا ہے۔

(الف) رجسٹر　　(ب) نامزدگی کا خط　　(ج) حصص سرٹیفکیٹ

۶) منافع کے اعلان کے بعد ------ دنوں میں منافع کی رقم علیحدہ بینک اکاؤنٹ میں جمع ہو جانا چاہئے۔

(الف) ۳۰　　(ب) ۲۱　　(ج) ۹۰

۷) ڈپازٹ ------ کی قسم ہے۔

(الف) خود کے سرمائے　　(ب) قلیل مدتی قرض　　(ج) طویل مدتی قرض

۸) کمپنی اور ڈبینچر کے ٹرسٹی کے درمیان معاہدہ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) قرض نامہ ٹرسٹ دستاویز (ب) پیشکش خط (ج) کیفیت نامہ

۹) Depository Act ڈپازٹری قانون۔۔۔۔۔۔۔۔ میں پاس کیا گیا ہے۔

(الف) ۱۹۱۹ (ب) ۱۹۹۶ (ج) ۱۹۹۹

۱۰) ۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ شخص ہوتا ہے جو تمسکات (Securities) کی قیمت کم ہونے کی امید رکھتا ہے۔

(الف) بھالو، (ب) سانڈ (ج) بطخ

**(ب) غیر متعلق الفاظ کی شناخت کیجیے۔** **(5x1=5)**

۱) زمین و عمارت، پلانٹ و مشین، نقد

۲) مقررہ سرمایہ، سرمائے کا خاکہ، جاری سرمایہ

۳) قرض نامہ، عوامی ڈپازٹ، محفوظ ذخیرہ

۴) حصص سرٹیفکیٹ، ڈبینچر سرٹیفکیٹ، امریکن ڈپازٹ رسید

۵) مستند سرمایہ، مساوی حصص سرمایہ، جاری سرمایہ، اداشدہ سرمایہ

۶) ESOS, ESPS, Sweat Equity، نئے حصص

۷) ڈبینچر ہولڈر، سود، منافع

۸) محفوظ ڈبینچر، قابل تبدیل ڈبینچر، قابل واپسی ڈبینچر

۹) ڈبینچر ٹرسٹی، ٹرسٹ ڈیڈ، شیئر ہولڈر

۱۰) نجی کمپنی، اہلیتی عوامی کمپنی، حکومتی کمپنی

۱۱) بونس کا خط، ڈیوڈنڈ کا خط، مجلس ہدایت کاران (BOD)

۱۲) ڈیوڈنڈ وارنٹ، سود وارنٹ، غیر مادیت

۱۳) ڈپازٹری، سود، منافع

۱۴)ڈبینچر ہولڈر، شیئر ہولڈر، غیر مادیت

۱۵)ڈبینچر ہولڈر، شیئر ہولڈر، ڈپازٹ ہولڈر سکریٹری

۱۶)منافع، ڈپازٹری، ڈپازٹ رسید، SEBI

۱۷)HDFC ,CDSL ,NSDL

۱۸)ڈپازٹری، دلال، RBI

۱۹)دلال، شیئر ہولڈر، ریاستی حکومت

۲۰)RBI ,NIFTY ,SENSEX

۲۱)مزید عوامی پیشکش، حصص کی ذاتی فروخت، تجارتی کاغذ

۲۲)ابتدائی بازار، ثانوی بازار، شیئر بازار سونے کا بازار

**(ج) جملے مکمل کیجئے۔** **(5x1=5)**

۱)۔۔۔۔۔۔۔۔ شکل میں سیکوریٹیز پُر خطر ہے۔

۲)روکے ہوئے منافع سرمایہ کا۔۔۔۔۔۔۔۔ ذریعہ ہے۔

۳)انکار کے خط کے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔ منسلک ہوتا ہے۔

۴)امانت کا گوشوارا ہر سال۔۔۔۔۔۔۔۔ تاریخ سے پہلے فائل ہونا چاہئے۔

۵)سالانہ نفع کی شرح کی سفارش۔۔۔۔۔۔۔۔ کی جانب سے کی جاتی ہے۔

۶)موجودہ مساوی حصص داروں کو مفت حصص۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

۷)حکومتی کمپنی۔۔۔۔۔۔۔۔ سے ڈپازٹ حاصل کرتی ہے۔

۸)۔۔۔۔۔۔۔۔ حصص داروں کی منافع کی شرح مقرر ہوتی ہے۔

۹)حصص داروں کو کمپنی سے۔۔۔۔۔۔۔۔ ملتا ہے۔

۱۰)۔۔۔۔۔۔۔۔ قسم کے ڈبینچر کی رقم ایک مقررہ مدت کے بعد واپس کر دی جاتی ہے۔

(د) مندرجہ ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط لکھیے۔ (5x1=5)

۱)مساوی حصص پُر خطر سرمایہ ہوتا ہے۔

۲) کمپنی قابل تبدیل ڈبینچر جاری نہیں کر سکتی۔

۳)ہندوستان میں کئی ڈپازٹری نظام قائم ہے۔

۴)BSE ہندوستان کا سب سے پرانا حصص بازار ہے۔

۵)ابتدائی بازار میں نئے اجراء حصص جاری کیے جاتے ہیں۔

۶) کمپنی ہر سال منافع جاری کرتی ہے۔

۷)ڈبینچر ہولڈروں کو ووٹ دینے کا حق حاصل نہیں ہوتا۔

۸)Sweat مساوی حصص کمپنی کے ملازمین یا ہدایت کاروں کو پیش کئے جاتے ہیں۔

۹)برقی شکل میں تمسکات کی منتقلی آسان ہوتی ہے۔

۱۰)مالیات، زر اور زر کے انتظام سے تعلق رکھتا ہے۔

(ہ) ایک جملے میں جواب لکھیے۔ (5x1=5)

۱)مساوی حصص سے کیا مراد ہے؟

۲)نئے حصص کا حق کیا ہے؟

۳)محفوظ ڈبینچر کسے کہتے ہیں؟

۴)روکا ہوا منافع کسے کہتے ہیں؟

۵)سالانہ منافع سے کیا مراد ہے؟

۶)مقررہ سرمایہ کسے کہتے ہیں؟

۷)ڈپازٹری نظام سے کیا مراد ہے؟

۸)حصص منتقلی کسے کہتے ہیں؟

۹) حصص ترسیل سے کیا مراد ہے؟

۱۰) ESOP سے کیا مراد ہے؟

۱۱) قابل تبدیل ترجیحی حصص سے کیا مراد ہے؟

۱۲) عوامی ڈپازٹ کی تعریف بیان کیجئے؟

۱۳) اہل عوامی کمپنی کسے کہتے ہیں؟

۱۴) GDR سے کیا مراد ہے؟

۱۵) ADR سے کیا مراد ہے؟

**(و) صحیح متبادل کی مدد سے جوڑیاں لگائیں۔** **(5x1=5)**

۱۔

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| ۱) حکومتی کمپنی | الف) ________________ |
| ۲) __________________ | ب) ممبران کی طرف سے امانتیں |
| ۳) ۳۶ مہینے | ج) ________________ |
| ۴) __________________ | د) ٹھوس اثاثے پر چارج |
| ۵) ڈپازٹ / امانت | ہ) __________________ |

(۳۰ جون سے قبل فائل کرنا ، نجی کمپنی، محفوظ امانت ، عوام کی جانب سے امانتیں، امانتوں کی زیادہ سے زیادہ مدت)

۲۔

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| ۱) خط و کتابت | الف) __________________ |
| ۲) __________________ | ب) مقررہ شرح |
| ۳) زر کا بازار | ج) __________________ |
| ۴) ____________________ | د) SEBI |
| ۵) انکار کا خط | ہ) ______________________ |

(واپسی کا چیک، سود، تحریری رابطہ کاری، کم مدتی فنڈ، سرمائے کے بازار کی باقاعدہ نگرانی کرنے والا)

۳۔

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| ا۔ROC کے پاس فائل | 1)---------------------- |
| ۲---------------------------- | 2)بورڈ آف ڈایئرکٹر |
| ۳۔ عمارت، مشین | 3)---------------------- |
| ۴---------------------------- | 4)برقی شکل |
| ۵۔نامزدگی کا خط | 5)---------------------- |

(ہر سال 31 مارچ ، حصص کا الاٹمنٹ ، ڈپازٹری ، درمیانی مدت کا منافع ، مقررہ سرمایہ )

**(ز) مناسب لفظ، فقرہ، محاورہ یا اصطلاح لکھیے۔** **(5x1=5)**

1۔ جاری اثاثے اور جاری ذمہ داریوں کا فرق۔

2۔مالیات جمع کرنے کا اندرونی ذریعہ۔

3۔ کسی بھی تجارت کی کامیابی کا ایک اہم عامل۔

4۔ معیشت میں عروج اور کساد بازاری کا چکر۔

5۔ کمپنی کے اصل مالک۔

6۔ حصص کے ملکیت کے عنوان کی دستاویز۔

7۔وہ حصصدار جو کمپنی کے زائد منافع میں حصہ دار ہوتے ہیں۔

8۔وہ شخص جس کے ذریعے کمپنی قرض خواہوں سے لین دین کرتی ہیں۔

9۔ایسے حصصدار جو کمپنی کے انتظامیہ میں حصہ لیتے ہیں۔

10۔ حصص سرٹیفکیٹ پر درج حصص کی قیمت۔

11۔USA میں تجارت کے لیے استعمال ہونے والا آلہ (دستاویز)

12۔USA علاوہ دوسرے ممالک میں استعمال ہونے والی ڈپازٹری رسید۔

13۔ کمپنی کے ذریعے رقم بڑھانے کے لیے عوام سے کم از کم 6 اور زیادہ سے زیادہ 36 ماہ کے لیے رقم لینا۔

14۔بک بلڈنگ کے طریقے کار میں بولی کی اعلی قیمت۔

15۔ کسی کمپنی کے ذریعے پہلی بار عوام میں حصص کی پیش کش کرنا۔

16۔IPO کے بعد حصص کا اگلا اجرا۔

17۔ایسا بازار جو طویل مدتی فنڈ مہیا کرتا ہے۔

18۔ایسا بازار جو کم مدتی فنڈ مہیا کرتا ہے۔

19۔ایسی جگہ جہاں منظم طریقے سے تمسکات کی خرید و فروخت کی جاتی ہے۔

20۔وہ میٹنگ جس میں سالانہ منافع کا اعلان کیا جاتا ہے۔

21۔دو سالانہ جنرل میٹنگ کے درمیان ادا کیا جانے والا منافع۔

22۔ کمپنی کے حصص داروں کو سرمایہ کاری پر واپسی۔

23۔تمسکات کو کاغذی شکل سے برقی شکل میں تبدیلی کا عمل۔

24۔وہ ادارہ جو تمسکات کو برقی شکل میں تبدیل کرنے کا کام انجام دیتا ہے۔

25۔بھارت کی قدیم ترین ڈپازٹری۔

26۔ایشیا کا قدیم ترین شیر بازار۔

27-ڈپازٹری کا ایجنٹ۔

**(خ) جوڑیاں لگایئے۔** **(5x1=5)**

1۔

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| (الف)عوامی ڈپازٹ | 1۔سالانہ جنرل میٹنگ |
| (ب)BSE | 2۔بورڈ آف ڈائیرکٹر |

| | |
|---|---|
| (ج)GDR | 3۔امریکہ کے ذریعے جاری کرسہ |
| (د)حصص کی ترسیل | 4۔زیادہ سے زیادہ 36 مہینے |
| (ھ)درمیانی مدت کا منافع | 5۔زیادہ سے زیادہ 6 مہینے |
| | 6۔امریکہ کے علاوہ دوسرے ممالک کے ذریعے جاری کردہ |
| | 7۔دنیا کا سب سے پہلا حصص بازار |
| | 8۔ایشیاء کا سب سے پہلا حصص بازار |
| | 9۔ حصص کی قانونی منتقلی |
| | 10۔ حصص کی رضاکارانہ منتقلی |

2۔

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| (الف)ترجیحی حصص دار | 1۔ حکومت اور بینک کو جوڑنے والا |
| (ب)ڈبینچر ہولڈر | 2۔ حکومت ادا نہیں کرتی |
| (ج)ڈپازٹری | 3۔بے باک سرمایہ کار |
| (د)سود | 4۔نئے حصص جاری کرنے کی مارکیٹ |
| (ھ)ابتدائی بازار | 5۔احتیاطی سرمایہ کاری |
| | 6۔ووٹ کا حق |
| | 7۔لازمی ادائیگی |
| | 8۔ووٹ دینے کا حق |
| | 9۔ قلیل مدتی فنڈ |
| | 10۔تمسکات کی برقی شکل میں امانت دار |

**سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل اصطلاح / تصور بیان کیجئے۔** **(4x2=8)**

ا۔اُدھار (قرض) سرمایہ (Borrowed Capital)

۲۔خود کا سرمایہ (Owned Capital)

۳۔منافع کی دوبارہ سرمایہ کاری(Ploughing Back of Profit)

۴۔زائد ادائیگی(Overdraft)

۵۔مقررہ سرمایہ(Fixed Capital)

٦۔جاری سرمایہ(Working Capital)

۷۔ملازمین اسٹاک اختیاری اسکیم(ESOS)

۸۔ابتدائی عوامی پیشکش(IPO)

۹۔مزید عوامی پیشکش(FPO)

۱۰۔حصص کی ذاتی فروخت(Private Placement)

۱۱۔اثاثے پر چارج(Charge on Assets)

۱۲۔قرض نامہ معاہدہ(Debenture Trust Deed)

۱۳۔ڈپازٹ ٹرسٹی(Deposit Trustee)

۱۴۔تجارتی ریٹنگ(Credit Rating)

۱۵۔قرض نامے(Debenture)

١٦۔قرض نامے کی ادائیگی / واپسی(Redemption of Debenture)

۱۷۔قرض نامے کی تبدیلی(Conversion of Debenture)

۱۸۔امانت(Deposit)

۱۹۔امانت کی تجدید(Renewal of Deposit)

۲۰۔امانت کی واپسی

۲۱۔انکار کا خط

۲۲۔ڈپازٹری نظام

۲۳۔ غیر مادیت(Dematerialization)

۲۴۔ دوبارہ مادیت(Rematerialization)

۲۵۔ منافع(Dividend)

۲۶۔ سود(Interest)

۲۷۔ غیر اداشدہ منافع(Unpaid Dividend)

۲۸۔ سرمایہ کاروں کے تعلیم اور تحفظ کا فنڈ(IEPF)

۲۹۔ سرمائے کا بازار

۳۰۔ زر کا بازار

۳۱۔ ابتدائی بازار

۳۲۔ ثانوی بازار

۳۳۔ شیئر بازار کے کام

۳۴۔ تجارتی چکر

**سوال نمبر3: مندرجہ ذیل کیس / حالات کا مطالعہ کر کے نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ (2x3=6)**

1۔ایک کمپنی چاہتی ہے کہ اپنی پیداواری صلاحیت کو بڑھائے اور نئی مشین خریدی کرنے کیلئے ممکن اندازہ لگاتی ہے جس کی قیمت 2 کروڑ ہے ساتھ ہی ایک متبادل یہ بھی ہے کہ مشین لیز کی بنیاد پر دستیاب ہے۔

1) مشین کس قسم کا اثاثہ ہے؟

2) مشین خریدی کرنے کے لیے استعمال ہونے والا سرمایہ مقررہ سرمایہ ہو گا یا جاری سرمایہ ہو گا۔

3) کیا تجارت کی جسامت مقررہ سرمایہ کی ضرورت کا تعین کرے گی؟

2۔TRI لمیٹیڈ کمپنی نئی رجسٹرڈ عوامی کمپنی ہے اور وہ عوام کو مساوی حصص فروخت کر کے سرمایہ میں اضافہ کرنا چاہتی ہے کمپنی کے ہدایت کاران کے لیے بورڈ مختلف پہلوؤں پر غور وخوص کر رہے ہیں درج ذیل معاملے میں انہیں مشورہ دیجئے۔

1) کمپنی کس کی پیش کش کرے IPO یا FPO

2) کیا کمپنی بونس حصص جاری کر کے سرمایہ میں اضافہ کر سکتی ہے۔

3) کیا کمپنی Underwriting معاہدہ کر سکتی ہے۔

3۔روز لمیٹیڈ کمپنی اپنے فنڈ میں اضافہ کرنے کیلئے قرض نامہ جاری کرنے کی پیش کش کرتی ہے بحث کے بعد ہدایت کاران کے بورڈ نے فیصلہ کیا کہ محفوظ سرمایہ، واجب الادا، غیر تبدیل شدہ قرض نامہ دس سال کے لیے جاری کریں گے۔ درج ذیل معملات میں بورڈ کو مشورہ دیجئے۔

1) کمپنی کو قرض نامہ ٹرسٹی کا تقرر چاہیے۔

2) کمپنی کو اثاثے پر چارج تیار کرنا چاہیے۔

3) قرض نامہ کی دس سال سے کم ہونا چاہیے۔

4۔سلور لمیٹیڈ کمپنی FPO کی پیش کش کے ذریعے عوامی پیش کش سے باہر آتی ہے اس کے اجرا زائد رکنیت کے ہیں۔ ہدایت کاران کا بورڈ اب نامزدگی کا مرحلہ شروع کرنا چاہتے ہے بورڈ کو درج ذیل معملات میں مشورہ دیجئے۔

1 ) کیا کمپنی کو نامزدگی کمیٹی بنانا چاہیے۔

2 ) کمپنی جن درخواستوں کو حصص نامزد کرنا چاہتی ہے کمپنی انہیں کس طرح مطلع کریں گی۔

3 ) کتنی مدت کے اندر کمپنی کو حصص سرٹیفکٹ جاری کرنا چاہیئے۔

5۔ DDS فنانشیل نے 10 کروڑ کا محفوظ غیر تبدیل شدہ قرض نامہ جاری کر کے سرمایہ بڑھانے کا منصوبہ بنائی ہے۔ قواعد مجلس کے مطابق ہدایت کاران کے بورڈ کو صرف 5 کروڑ کا سرمایہ بڑھانے کا اختیار ہے۔ نجی جگہ کا تعین یا عوامی پیش کش کے ذریعے سرمایہ بڑھانے پر بھی توجہ دے رہے ہیں انہیں درج ذیل معملات پر مشورہ دیجئے۔

1) جو بھی قرض نامہ جاری کیا گیا جاری کیے جانے والے قرض نامہ کی مدت کتنی ہو سکتی ہے؟

2) کیا پیش کیا جانے والا قرض نامہ ہدایت کاران کے ادھار لینے کے اختیار میں ہے؟

3) کمپنی کو کتنی مدت میں قرض نامہ سرٹیفکٹ جاری کرنا چاہیے؟

6۔ایپل کمپنی لمیٹیڈ عوامی امانتوں کے ذریعے فنڈ میں اضافہ کرنا چاہتی ہے جس کے خالص رقم کی قدرو قیمت 10 کروڑ ہے۔

1 ) کیا وہ عوام سے امانتیں قبول کر سکتی ہیں؟

2 ) کیا وہ ایسی امانتیں حاصل کر سکتی ہیں جس کی مدت چار سال ہو؟

3 ) کمپنی کو کتنی مدت میں امانت داروں کو امانت کی رسید جاری کرنا ہو گا؟

7۔ایپل کمپنی لمیٹیڈ ایک اہل عوامی کمپنی ہے وہ عوام سے محفوظ امانتوں میں اضافہ کرنے کا منصوبہ بناتی ہے اس کے ہدایت کاران کے بورڈ کو درج ذیل کے لیے مشورہ دیجئے۔

1) کیاامانتیں قبول کرنے کیلئے کمپنی کو حصص داروں کی منظوری لیناہو گی ؟

2) کیا کمپنی کو قرض نامہ ٹرسٹی کا تقرر کرناہو گا؟

3) کمپنی کتنی مدت میں اپنے اثاثے پر چارج بناسکتی ہے ؟

8۔LMN کمپنی لمیٹیڈ نے مالیاتی سال19-2018 کیلئے منافع کے اعلان کا فیصلہ کیا ہے جس میں کمپنی کو اس کی امید سے کم منافع ہوا ہے۔

1) کیابورڈ کو مفت محفوظ سرمایہ میں سے 5 فی صد ہر حصص پر بطور منافع دینے کا مشورہ رکھنے کا حق ہے۔

2) بورڈ کو بغیرAGM کی منظوری کے منافع کا اعلان کرنے کا حق ہے ؟

3) کیابورڈ تحفہ کی شکل میں منافع دے سکتی ہے ؟

9۔ مسٹرZ کے پاس پیکیولر کمپنی لمیٹیڈ کے100 حصص طبعی فارم میں موجود ہیں وہ چاہتا ہے اسے برقی فارم میں تبدیل کرے۔

1) Mr.Z کا بچت کھاتہ CFDH بینک لمیٹیڈ میں ہے کیاوہ اپنے حصصD’mat فارم میں رکھ سکتا ہے۔

2) اس کے لیے کس قسم کے اکاونٹ کی ضرورت ہو گی؟

3) مسٹرZ اپنے حصص کوD’mat کرنے کے بعد کیا RBIاس کے حصص نگراں ہو گی؟

10۔جوائے لمیٹیڈ کمپنی ایک رجسٹرڈ کمپنی ہے وہ اپنی کمپنی کے سرمائے میں پہلی مرتبہ مساوی حصص جاری کر کے اضافہ کرناچاہتی ہے۔

ا) کیاوہ اپنے حصص جاری کرنے کیلئے ابتدائی بازار یا ثانوی بازار میں جائے گی؟

2) کیاوہ اپنی پیش کش عوامی پیش کش کے ذریعے جاری کرے گی؟

3) جوائے لمیٹیڈ کے ذریعے جاری کئے گئے مساوی حصص IPO یا FPO کہلائیں گا۔

## سوال نمبر ۴: فرق واضح کیجئے۔ (3x4=12)

| | | |
|---|---|---|
| ا۔مقررہ سرمایہ | اور | کاروباری سرمایہ (Working Capital and Fixed Capital) |
| ۲۔مساوی حصص | اور | ترجیحی حصص |
| ۳۔حصص | اور | قرض نامہ |

۴۔خود کا سرمایہ اور اُدھار کا سرمایہ

۵۔ابتدائی عوامی پیشکش(FPO) اور مزید عوامی پیشکش(IPO)

۶۔نئے شیرس کا حق اور بونس شیرس کا حق

۷۔ حصص کی منتقلی اور حصص کی ترسیل

۸۔غیر مادیت اور دوبارہ مادیت

۹۔منافع اور سود

۱۰۔سالانہ منافع اور درمیانی منافع

۱۱۔زر کا بازار اور سرمایہ کا بازار

۱۲۔ابتدائی بازار اور ثانوی بازار

۱۳۔شیرس ہولڈر اور ڈبینچر ہولڈر

۱۴۔منظوری کا خط اور انکار کا خط

۱۵۔شیر سرٹیفکٹ اور شیر وارنٹ

**سوال نمبر۵: مختصر جواب لکھیے۔** **(2x4=8)**

۱۔ مقررہ سرمایہ پر اثر انداز ہونے والے چار عوامل لکھیے

۲۔ عوامی ڈپازٹ سے کیا مراد ہے؟

۳۔عالمی ڈپازٹ رسید(GDR)سے کیا مراد ہے؟

۴۔بانڈس کی خصوصیات لکھیے۔

۵۔ شیئرسرٹیفکیٹ میں شامل تفصلات لکھیے۔

۶۔ شیئرس کی منتقلی کسے کہتے ہیں؟

۷۔ESOSسے کیا مراد ہے؟

۸۔(Debenture) قرض نامہ کی خصوصیات لکھیے۔

۹۔ غیر مادیت نظام کے چار فوائد سرمایہ کار کیلیئے لکھیئے۔

۱۰۔ غیر مادی نظام کے فوائد کمپنی کیلیئے بیان کیجئے۔

۱۱۔ سود کی خصوصیات لکھیئے۔

۱۲۔ منافع کی چار خصوصیات لکھیئے۔

۱۳۔ مالیاتی بازار کے چار افعال لکھیئے۔

۱۴۔ زر کے بازار کی کوئی چار خصوصیات لکھیئے۔

۱۵۔ سرمائے کے بازار کی کوئی چار خصوصیات لکھیئے۔

۱۶۔ شیئر بازار کے چار افعال لکھیئے۔

۱۷۔ درمیانی مدت کے منافع کے تعلق سے درمیانی شرائط بیان کیجئے۔

۱۸۔ ڈبینچر جاری کرنے کے تعلق سے کمپنی قانون 2013 کے شرائط بیان کیجئے۔

۱۹۔ تمسکات کو طبعی شکل میں رکھنے کے نقصانات بیان کیجئے۔

**سوال نمبر۶: مندرجہ ذیل بیانات کو ثابت کیجئے۔ (2x4=8)**

۱۔ مقررہ سرمایہ (Fixed Capital) مستقل طور پر کاروبار میں لگا رہتا ہے۔

۲۔ مساوی حصص دار کمپنی کے اصل مالک اور نگراں ہوتے ہیں۔

۳۔ ترجیحی حصص داروں کو ووٹنگ کے حقوق حاصل نہیں ہوتے۔

۴۔ محفوظ ڈبینچر پر کمپنی اپنے اثاثوں کی ضمانت فراہم کرتی ہے۔

۵۔ مساوی حصص کا سرمایہ پُر خطر سرمایہ ہوتا ہے۔

۶۔ بانڈس ہولڈر کمپنی کے قرض خواہ ہوتے ہیں۔

۷۔ESOS کمپنی کے مستقل (Permanent) ملازمین، ڈایئرکٹرس اور اعلیٰ افسران کو جاری کیے جاتے ہے۔

۸۔(BOD) مجلس ہدایت کاران شیئرس کی منتقلی کو منسوخ کرسکتے ہے۔

۹۔ڈبینچر ہولڈر کمپنی کے قرض خواہ ہوتے ہیں۔

۱۰۔تمام کمپنیاں عوام سے ڈپازٹ قبول نہیں کرسکتی۔

۱۱۔شیئر بازار بھارت کی معیشت کی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

۱۲۔مالیاتی بازار سرمایہ کار اور قرض خواہ کے درمیان کڑی ہے۔

۱۳۔ایک تجارتی فرم کے پاس سرمائے کے بہت سے ذرائع ہوتے ہیں۔

۱۴۔اشتہار اور اطلاع جاری کرنے کیلئے کمپنی کو مختلف شرائط کو پورا کرنا پڑتا ہے۔

۱۵۔کمپنی کے ذریعے حصص کے تبادلے کی شروعات کی جاتی ہے۔

۱۶۔حصص کی غیر مادیت (Dematerialization) کے عمل میں بہت زیادہ وقت صَرف ہوتا ہے۔

۱۷۔درمیانی مدت کا منافع سالانہ منافع کا حصّہ ہوتا ہے۔

۱۸۔SEBI بھارتی شیئر بازار کا نگراں ہے۔

۱۹۔خط وکتابت کے وقت سیکریٹری بہت سی باتوں کا خیال رکھتا ہے۔

۲۰۔محفوظ ذخیرہ سرمایہ جمع کرنے کا سیدھا اور آسان طریقہ ہے۔

**سوال نمبر ۷: مندرجہ ذیل سولات حل کیجئے۔** **(2x5=10)**

۱۔بونس حصص جاری کرنے کا کی اطلاع کا خط لکھیئے۔

۲۔ڈبینچر نامزدگی کا خط لکھیئے۔

۳۔ڈپازٹ ہولڈر کو ڈپازٹ کے لیے شکریہ کا خط لکھیئے۔

۴۔سالانہ منافع کی ادائیگی بذریعہ برقی شکل (Electronic Form) کی اطلاع کا خط لکھیئے۔

۵۔حصص نامزدگی کا خط لکھیئے۔(Letter of Share Allotment)

۶۔ڈبینچر کو مساوی حصص میں تبدیل کرنے کی اطلاع کا خط لکھیئے۔

۷۔ انکار کا خط لکھیے۔

۸۔ ڈپازٹ ہولڈر کو سود کی ادائیگی بذریعہ سود وارنٹ کا خط لکھیے۔

۹۔ درمیانی مدت کے منافع کی اطلاع کا خط لکھیے۔

۱۰۔ ترجیحی حصص کو مساوی حصص میں تبدیل کرنے کی اطلاع کا خط لکھیے۔

**سوال نمبر ۸: مفصل جواب لکھیے۔** **(1x8=8)**

۱۔ مساوی حصص سے کیا مراد ہے اس کی خصوصیات بیان کیجیے۔

۲۔ ترجیحی حصص سے کیا مراد ہے اس کی خصوصیات بیان کیجیے۔

۳۔ ڈبینچر سے کیا مراد ہے اس کی خصوصیات بیان کیجیے۔

۴۔ ترجیحی حصص سے کیا مراد ہے اس کی قسمیں بیان کیجیے۔

۵۔ ڈبینچر سے کیا مراد ہے اس کی قسمیں بیان کیجیے۔

۶۔ اسٹاک ایکسچینج کے افعال بیان کیجیے۔

۷۔ سالانہ منافع جاری کرنے کے قانونی شرائط بیان کیجیے۔

۸۔ ڈپازٹری نظام سے کیا مراد ہے اس کے فوائد بیان کیجیے۔

۹۔ شیرس الاٹمنٹ کے تعلق سے سکریٹری کون کون سے فرائض انجام دیتا ہے۔

۱۰۔ حصص الاٹمنٹ کے قانونی شرائط بیان کیجیے۔